


# ڈائریکٹوریٹ آف سکولز

# پراسپیکٹس



# OUR VISION

Realization of Promise of Pakistan


Reshaping human purpose beyond unguided modernity

# OUR MISSION

Human development through Social Reconstruction

# PARADIGM


Knowledge, Faith and Participation



# بانی چیئرمین سلطانہ فاؤنڈیشن ڈاکٹر نعیم غنی کا پیغام

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ عصر حاضر میں معاشرتی، تہذیبی، معاشی اور علمی رفعت کیلئے تعلیم ایک بنیادی عنصر کی حیثیت رکھتی ہے۔ آج کی ترقی یافتہ دنیا نوع بہ نوع تجربات، تحقیقات اور ایجادات سے اپنے تعلیمی نظام کو جامع تر بنا رہی ہے اور اس کے افراد کی تسخیرِ فطرت میں رواں دواں ہیں۔ بغیر تعلیم و تربیت کے بشری قوتوں کی نشوونما کی توقع کرنا عبث ہے۔ تعلیم کا ایک اہم اور بنیادی مقصد افراد میں اعلیٰ انسانی اوصاف پیدا کرنا ہے۔ پھر اگر ایک اور پہلو سے دیکھا جائے تو تعلیم کا ایک اہم مقصد معاشرے میں افراد کی عقل اور فہم وفراست کی سطح کو اونچا کرنا ہے تاکہ انہیں اس کائنات میں انسانی وجود کا مقصد سمجھنے میں مدد ملے اور وہ اپنے معاملات اور اعمال کو مدلل طریقے سے سمجھ سکیں، اپنے ایمان کو راسخ رکھ سکیں اور پورے اطمینان کے ساتھ خالق حقیقی کی طرف سفر میں رواں دواں ہوں۔

اختصاراً تعلیم اور ایک با مقصد تعلیم پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی اور اس کیلئے زیادہ سے زیادہ وسائل مختص کرنا ہماری اولین ترجیحات میں ہونا چاہیے۔



# چیئرمین سلطانہ فاؤنڈیشن ڈاکٹر ندیم نعیم کا پیغام

سلطانہ فاؤنڈیشن کا بنیادی مشن ''تعمیر معاشرہ بذریعہ تعمیر افراد'' ہے جس کے لیے ہمارے تمام تعلیمی ادارے بہترین خدمات پیش کر رہے ہیں۔ اسی مشن کے پیش نظر سلطانہ فاؤنڈیشن کے تعلیمی اداروں میں نہ صرف نصابی تعلیم دی جاتی ہے بلکہ ایک ہمہ پہلو شخصیت کی تعمیر اور بہترین انسانی اوصاف پیدا کرنے کے لیے طلبا و طالبات کے لیے ہم نصابی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جیسے سپورٹس، کوئز پروگرامز، تقریری مقابلے، قرات و نعت خوانی اور ملی نغموں کے پروگرام۔ علاوہ ازیں سکاؤٹنگ، گرل گائیڈز، معلوماتی و تفریحی دوروں وغیرہ کا اہتمام ہمارے تعلیمی اداروں کی مستقل روایت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جب یہ بچے اس ادارے سے فارغ ہوں تو پورے اعتماد کے ساتھ زندگی کے کسی بھی میدان میں شمولیت اور معاشرے میں عمدہ کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہوں اور نہ صرف خود کفیل ہوں بلکہ دوسروں کی مدد کرنے والے اور ان کو ساتھ لے کر چلنے والے ہوں۔ میری دعا ہے کہ یہ بچے نہ صرف تعلیمی میدان میں بلکہ آئندہ عملی زندگی میں بھی ہر قدم کامیاب و کامران رہیں۔

پاکستان زندہ باد

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01 | تعارف | 01 |
| 02 | سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول | 02 |
| 03 | سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول | 03 |
| 04 | سلطانہ فاؤنڈیشن پرائمری سکول | 04 |
| 05 | سلطانہ فاؤنڈیشن سپیشل چلڈرن سکول | 05 |
| 06 | سکول یونیفارم | 06 |
| 07 | داخلے کے قواعد | 07 |
| 08 | ماہانہ / سالانہ واجبات | 08 |
| 09 | قواعد وضوابط | 08 |
| 10 | حاضری اور سالانہ امتحانات | 09 |
| 11 | لائبریری | 09 |
| 12 | نمایاں تعلیمی کارکردگی پر انعامات | 10 |
| 13 | سکول کا سالِ رواں کا بہترین طالب علم / طالبہ | 10 |
| 14 | سپورٹس | 10 |
| 15 | والدین واساتذہ میٹنگ | 11 |
| 16 | طلباوطالبات کے لیے فری کونسلنگ | 11 |

# تعارف

سلطانہ فاؤنڈیشن، اصلاح فکر تعلیمی وفلاحی ٹرسٹ کا ایک منصوبہ ہے۔جس کے تحت غیر تجارتی بنیادوں پر کئی کالج ،سکول اور سکلز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چل رہے ہیں۔

سلطانہ فاؤنڈیشن کے اغراض ومقاصد میں تعمیر معاشرہ بذریعہ تعمیر افراد، ایک عادل معاشرے کی جانب سفر اور خدمت انسانیہ کے لئے عزم سرِ فہرست ہیں۔

میٹرک تک کی تعلیم ڈائریکٹوریٹ آف سکولز کے تحت ہو رہی ہے۔اس ڈائریکٹوریٹ میں یہ ادارے شامل ہیں۔

| | |
|---|---|
| بوائز ہائی سکول | فراش ٹاؤن |
| گرلز ہائی سکول | بلڈنگ نمبر 1 |
| پرائمری سکول | بلڈنگ نمبر 1 |
| سپیشل چلڈرن سکول | بلڈنگ نمبر 1 |

## بچوں کی تربیت کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف سکولز کے منفرد اقدامات

- بچوں کی شخصیت کی بہترین نشوونما اور کردار سازی پر خصوصی توجہ
- صحت مندانہ سرگرمیوں کے ذریعے بچوں میں اعتماد اور نظم وضبط کی بحالی
- بچوں میں مثبت تحریک پیدا کرنے کے لیے خصوصی آنر بیج **(Honour Badge)** اور سرٹیفکیٹ کا اجراء
- طلباء وطالبات کی تعلیمی کارکردگی پر اسکالرشپ کا اجراء

# سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول



وسیم ارشاد پرنسپل

بوائز ہائی سکول عرصہ 22 سال سے طلباء کو بہترین تعلیم مہیا کر رہا ہے۔ ادارہ ہذا میں طلباء کی مقرر کردہ تعداد 580 ہے۔ ہر سال ادارے کے ذہین طلباء ادارے کے محنتی اساتذہ کی زیر نگرانی +A اور A گریڈ حاصل کرتے ہیں اور انہیں پورے سال کیلئے نقد سکالرشپ دیا جاتا ہے۔ سکول میں طلباء کی نہ صرف نصابی بلکہ ہم نصابی سرگرمیوں پر بھی بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول کے طلباء آل پاکستان بوائز سکاؤٹ ایسوسی ایشنز کے زیر اہتمام سالانہ ایونٹس میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے سال 2006 میں ملک محمد کاظم نے صدارتی گولڈ میڈل حاصل کیا۔ سال 2011 میں دو طلباء نے کمشنر ایوارڈ حاصل کئے۔ ادارے کے طلباء ہر سال گھوڑا گلی مری میں سکاوٹ نشیمن میں کیمپنگ کی سالانہ تقریبات میں حصہ لیتے ہیں اور اس میں تلاوت، نعت اور ملی نغموں کے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرتے ہیں۔ 2021 میں ادارے کے 4 ہونہار طلباء نے سندھ اسکاؤٹس کمپوری کے زیر اہتمام مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب میں ادارہ ھذا کی نمائندگی کی اور اعزازی سرٹیفکیٹ حاصل کئے۔

کھیل کے میدان میں سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول کی ہاکی ٹیم نے 2008 سے 2018 تک مسلسل 10 بار فیڈرل بورڈ کے زیر انتظام انٹر سکول اینڈ کالجیٹ چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ 2018 فیڈرل بورڈ نے ادارے کے جماعت دہم کے بہترین طالب علم شاہ زیب کو ہاکی کا بہترین کھلاڑی قرار دیتے ہوئے گولڈ میڈل سے نوازا۔ کرکٹ کے میدان میں سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول کی کرکٹ ٹیم نے سال 2014-2015 میں فیڈرل بورڈ انٹر ڈائریکٹوریٹ کرکٹ چیمپین شپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کے زیر انتظام 2018 میں سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول کے ہونہار طالب علم وجاہت یٰسین نے ترکی میں منعقد ہونے والے سائنسی اور ثقافتی میلے میں پاکستان کی نمائندگی کی۔

## سال 2022 میں:

سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول ہاکی ٹیم نے فیڈرل بورڈ انٹر سکولز اینڈ کالجز چیمپین شپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ کرکٹ ٹیم نے فیڈرل بورڈ انٹر سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

2022 میں اساتذہ کو 25 سالہ خدمات کے عوض اعزازات سے نوازا گیا۔ ادارہ ہذا کے وائس پرنسپل کو پہلا معمار پاکستان / نعیم غنی ایوارڈ دیا گیا۔

## سال 2023 میں:

بوائز ہائی سکول کی کرکٹ ٹیم نے فیڈول بورڈ انٹر سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سکول رسہ کشی کی ٹیم نے فیڈرل بورڈ کے رسہ کشی کے سالانہ مقابلوں میں پہلی دفعہ کھیل کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ فٹبال ٹیم نے فیڈرل بورڈ کے فٹبال کے مقابلہ جات میں 58 سکولز میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ طلباء نے پہلی بار مختلف سائنس پروجیکٹس پر کام کیا۔

بوائز سکاؤٹس ٹریننگ کیمپ مری میں بوائز ہائی سکول نے فرسٹ ایڈ میں دوسری پوزیشن اور تلاوت میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسکے علاوہ پورے کیمپ کے دوران روزانہ کی بنیاد پر فلیگ آف آنر حاصل کیا۔

بوائز ہائی سکول میں عرصہ 15 سال بعد دوبارہ آرٹس کی کلاسز کا اجراء کیا گیا۔

# سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول



**ثمینہ رانی** پرنسپل

سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول میں کئی سالوں سے محنتی اساتذہ کی نگرانی میں درس و تدریس کا عمل جاری ہے۔ ادارہ ہذا میں طالبات کی مقررہ کردہ تعداد 610 ہے۔ محنتی اور ہونہار اساتذہ نا صرف طالبات کو دینی و دنیاوی تعلیم سے مزین کرتی ہیں بلکہ ان کی کردار سازی میں بھی نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی طالبات کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ گرلز ہائی سکول میں موجود سائنس لیب، کمپیوٹر لیب اور ہوم اکنامکس لیب میں تمام مشقیں (تجربات) ماہر اساتذہ کی زیر نگرانی کروائی جاتی ہیں۔

سال 2006 میں سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول کی طالبہ سمیرا رفیق نے آرٹس گروپ میں فیڈرل بورڈ میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔

2008 میں سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول کی معلمہ رضوانہ کوثر نے فیڈرل بورڈ کے سالانہ نتائج کے مطابق بہترین معلمہ کیش انعام مبلغ 50000 وصول کیا۔

سال 2018 میں سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول کی طالبہ کرن فاطمہ نے Olympiad Maths میں نوویں پوزیشن حاصل کی. یہ مقابلہ پاک ترک انٹرنیشنل سکول میں منعقد کرایا گیا۔ پاکستان سے 2649 اور اسلام آباد سے 640 طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔

سال 2022 میں راولپنڈی آرٹس کونسل میں ہونے والی فن مصوری کے مقابلے میں جماعت ہشتم کی طالبہ سحر النساء نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔

سال 2023 میں سلطانہ فاؤنڈیشن گرلز ہائی سکول میں باقاعدہ گرلز گائیڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں 55 طالبات کی پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی ایشن میں رجسٹریشن کروائی گئی۔

سال 2024 میں جماعت دہم میں اسکول ہذا کی طالبات نے فیڈرل بورڈ میں بہترین کامیابی حاصل کی۔ کل 114 طالبات نے امتحان میں شرکت کی اور نتیجہ 100 فیصد رہا۔ 19 طالبات نے +A گریڈ اور 30 طالبات نے A گریڈ حاصل کر کے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

سال 2024 میں NGC کے تعاون سے طالبات کی انگلش سپوکن کو بہتر کرنے کے لیے ایک کورس English Access Program کا انعقاد کیا گیا۔ جس سے طالبات مستفید ہو رہی ہیں اور اس کا دورانیہ ڈیڑھ سال تک ہے۔

# سلطانہ فاؤنڈیشن پرائمری سکول



غزالہ سرور پرنسپل

سلطانہ فاؤنڈیشن پرائمری سکول 1994 تا حال طلباء وطالبات کو بہترین ماحول میں نہایت قابل اور محنتی اساتذہ کے زیر نگرانی تعلیم وتربیت کے مواقع فراہم کر رہا ہے تاکہ وہ مستقبل میں مفید شہری بن سکیں۔

سلطانہ فاؤنڈیشن پرائمری سکول کے انتظام وانصرام کے تحت تقریباً 1100 طلبہ وطالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

اس ادارے میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ طلبا وطالبات کی شخصی تعمیر ہو سکے اور ان میں خود اعتمادی بھی پیدا ہو۔ اس سلسلہ میں مختلف مقابلے کروائے جاتے ہیں جن میں:

- نعتیہ مقابلے
- ذہنی آزمائش کے مقابلے
- تقریری مقابلے،
- Table Contest
- Spelling Contest اور کھیلوں کے مقابلے میں شامل ہیں۔

تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لیے انٹرنیشنل سطح پر ڈرائنگ اور سائنس کے مقابلے بھی کروائے جاتے ہیں۔ جن میں حصہ لینے والے بچے نمایاں پوزیشنز بھی حاصل کرتے ہیں۔

دیگر تعلیمی سہولتوں کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر لیب اور لائبریری کا قیام بہت اہمیت کا حامل ہے جہاں طلباء وطالبات معلومات حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں۔

فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے تحت منعقد ہونے والے جماعت پنجم کے امتحانات میں سلطانہ فاؤنڈیشن پرائمری سکول کے طلبہ وطالبات نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور وظائف حاصل کرتے ہیں۔

- فروری 2012 میں جماعت پنجم کی طالبہ ہما رحمت نے فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے تحت ہونے والے جماعت پنجم امتحانات میں پورے بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔
- 2019-2020 کے امتحان میں کاشف دل خان اور ہبہ زہرہ نے دسویں پوزیشن لے کر ادارے کا نام روشن کیا اور 3 بچوں نے وظائف بھی حاصل کیے۔
- 2023-24 میں جماعت پنجم کی طالبہ عائشہ امان نے فیڈرل ڈائرکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے تحت ہونے والے جماعت پنجم کے امتحانات میں پورے بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اس کے ساتھ 4 بچوں نے وظائف حاصل کیے۔
- 2023-24 میں آرٹ اور سائنس Exhibition کا بھی انعقاد کیا گیا جو کہ اساتذہ اور بچوں کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ تھی۔

# سلطانہ فاؤنڈیشن سپیشل چلڈرن سکول



شائستہ کیانی پرنسپل

سپیشل چلڈرن سکول میں تقریباً 70 طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں جن کو تربیت یافتہ اساتذہ تعلیم کے زیور سے آراستہ کر رہی ہیں۔ اس ادارے میں قوت سماعت اور گویائی سے محروم اور جسمانی معذور طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ ان کو دو سیکشنز میں تقسیم کیا گیا ہے:

1۔ فزیکلی ہینڈی کیپ چلڈرن (Physically Handicap Children)

2۔ ہیئرنگ امپیرڈ چلڈرن (Hearing Impaired Children)

ان طلبہ وطالبات کو:

- فیڈرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف سپیشل ایجوکیشن سے منظور شدہ سلیبس کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔
- اساتذہ کو نیشنل انسٹیٹیوٹ آف اسپیشل ایجوکیشن (NISE) سے گاہے بگاہے مختلف کورسز کروائے جاتے ہیں تاکہ وہ جدید طریقہ تدریس سے روشناس ہو سکیں۔

سکول میں زیر تعلیم بچے غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور ثابت کرتے ہیں کہ یہ نارمل بچوں سے کسی طور پر کم نہیں ہے۔ ہر سال 3 دسمبر کو ان بچوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ جس میں یہ بچے جوش وخروش سے حصہ لیتے ہیں۔

سکول میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو ووکیشنل تربیت بھی دی جاتی ہے۔ جس میں لڑکیوں کو ہوم اکنامکس اور لڑکوں کو الیکٹریکل وائرنگ کی تربیت دی جاتی ہے تاکہ یہ بچے بھی معاشرے کا فعال رکن بن سکیں۔

بچوں اور اساتذہ کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے کہ ہر سال بہت سے بچے سکول اور فیڈرل بورڈ کے امتحانات میں نمایاں نمبروں سے کامیاب ہوتے ہیں اور بیسیوں طلباء وطالبات مزید تعلیم حاصل کر کے معاشرے کا فعال رکن بن کر اپنی اور اپنے خاندان کی بہتری میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

# سکول یونیفارم

| سکول | موسم گرما | موسم سرما |
|---|---|---|
| بوائز ہائی سکول | ڈیپ بلو شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>لائٹ گرے پینٹ، سفید دھاری دار نیلی ٹائی<br>سیاہ جرابیں، سیاہ جوتے | بلو ٹوپی، ڈارک بلو وی نیک سویٹر / کوٹ<br>ڈیپ بلو شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>لائٹ گرے پینٹ، سفید دھاری دار نیلی ٹائی<br>سیاہ جرابیں، سیاہ جوتے |
| گرلز ہائی سکول | خاکی قمیض (پاکٹ مونو گرام) کف کالر کے ساتھ<br>سفید شلوار، سفید پٹی، سفید سکارف<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں | میرون کوٹ / وی نیک سویٹر<br>خاکی قمیض (پاکٹ مونو گرام) کف کالر کے ساتھ<br>سفید شلوار، سفید پٹی، سفید سکارف<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں |
| پرائمری سکول | **جماعت پریپ تا دوئم**<br>**طالب علم:** سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید دھاری دار میرون ٹائی<br>خاکی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں<br>**طالبہ:** خاکی سکرٹ (مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز<br>سفید شلوار / ٹراؤزر<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں<br>**جماعت سوئم تا پنجم**<br>**طالب علم:** سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید دھاری دار میرون ٹائی<br>خاکی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں<br>**طالبہ:** خاکی ٹیونک (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز<br>سفید شلوار<br>میرون پٹی<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں | **جماعت پریپ تا دوئم**<br>**طالب علم:** میرون ٹوپی<br>میرون کوٹ / وی نیک سویٹر<br>سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام) سیاہ ہائی نیک<br>سفید دھاری دار میرون ٹائی<br>خاکی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں<br>**طالبہ:** میرون ٹوپی / اونی سکارف<br>میرون کوٹ / وی نیک سویٹر<br>خاکی سکرٹ (مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز، سیاہ ہائی نیک<br>سفید شلوار / ٹراؤزر<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں<br>**جماعت سوئم تا پنجم**<br>**طالب علم:** میرون ٹوپی<br>میرون کوٹ / وی نیک سویٹر<br>سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام)، سیاہ ہائی نیک<br>سفید دھاری دار میرون ٹائی<br>خاکی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں<br>**طالبہ:** میرون ٹوپی / اونی سکارف<br>میرون کوٹ / وی نیک سویٹر<br>خاکی ٹیونک (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز،<br>سیاہ ہائی نیک<br>سفید شلوار<br>میرون پٹی<br>سیاہ جوتے، سیاہ جرابیں |
| سپیشل چلڈرن سکول | **طالب علم:** سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید دھاری دار نیلی ٹائی،<br>نیلی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں<br>**طالبہ:** نیلا ٹیونک (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز<br>سفید شلوار<br>سفید پٹی، سفید دوپٹہ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں | **طالب علم:** نیلا کوٹ / وی نیک سویٹر<br>سفید شرٹ (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید دھاری دار بلو ٹائی<br>نیلی پینٹ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں<br>**طالبہ:** نیلا کوٹ / وی نیک سویٹر<br>نیلا ٹیونک (پاکٹ مونو گرام)<br>سفید شرٹ / بلاؤز<br>سفید شلوار<br>سفید پٹی، سفید دوپٹہ<br>سیاہ جوتے، سفید جرابیں |

# داخلے کے قواعد

1. رجسٹریشن فارم مع پراسپیکٹس سکول دفتر سے حاصل کریں۔
2. دی گئی تاریخ پر ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے حاضر ہوں اور رجسٹریشن فارم کے ساتھ فارم ب اور ایک عدد پاسپورٹ سائز فوٹو لانا لازمی ہے۔
3. جو طلباء طالبات سکول میں داخلے کے اہل قرار دیئے جائیں گے ان کے ناموں کی فہرست سکول نوٹس بورڈ پر لگا دی جائے گی۔
4. پرنسپل کو داخلہ دینے یا نہ دینے کا اختیار ہو گا۔
5. داخلہ ہونے کی صورت میں پر شدہ داخلہ فارم، ضروری سرٹیفیکیٹس اور چار عدد پاسپورٹ سائز تصاویر اور دیگر واجبات مقررہ تاریخ تک جمع کروائیں۔
6. داخلہ فیس / واجبات داخلہ منسوخ / ٹرانسفر کی صورت میں واپس / Refund نہیں کیے جائیں گے۔
7. تعلیمی اسناد میں اگر داخلے کے بعد کوئی بے قاعدگی یا کمی پائی گئی تو ایسے طالب علم / طالبہ کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔
8. سکول انتظامیہ اس بات کی مجاز ہو گی کہ وہ کسی بھی طالب علم / طالبہ کو وجہ بتائے بغیر داخلہ دینے سے انکار کر دے۔ یہ فیصلہ کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔
9. سپیشل چلڈرن سکول میں داخلے کے لئے بچوں کی معذوری کا سرٹیفیکیٹ ہونا ضروری ہے۔
10. داخلے کے وقت طلباء و طالبات کو جو سیکشن الاٹ کر دیا جائے گا اسے داخلے کے بعد تبدیل کرانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

# ماہانہ / سالانہ واجبات

| | |
|---|---|
| پریپ (ماہانہ) | 2,700/- روپے |
| اول تا ہشتم (ماہانہ) | 2,600/- روپے |
| نہم، دہم (ماہانہ) | 2,800/- روپے |
| سٹوڈنٹ فنڈ (سالانہ) | 1,500/- روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ (سالانہ) | 1,500/- روپے |
| داخلہ فیس | 5,000/- روپے |

مستحق / ہونہار طلباء وطالبات کے لیے فیس میں رعایت / سکالرشپ دیے جاتے ہیں۔

# قواعد وضوابط

1. اگر کوئی طالب علم/طالبہ سات روز تک چھٹی کی درخواست دیئے بغیر سکول سے غیر حاضر رہے گا تو اس کا نام سکول سے خارج کر دیا جائے گا اور پرنسپل کی اجازت سے ازسرِ نو داخلے کے لئے مقررہ فیس ادا کرنی ہوگی۔
2. کسی بہت ضروری کام یا علالت کی وجہ سے چھٹی لینے کی ضرورت پیش آجائے تو اس کے لئے درخواست پر والدین میں سے کسی ایک کے دستخط ہونا لازمی ہیں۔
3. بغیر اطلاع غیر حاضری پر مقرر کردہ جرمانہ کیا جائے گا۔
4. کسی طالب علم/طالبہ کو بوجہ علالت تین دن سے زیادہ عرصے کے لئے چھٹی چاہیے ہو تو درخواست کے ساتھ اپنے ڈاکٹر کا میڈیکل سرٹیفیکیٹ لازمی جمع کروائیں۔
5. کسی بھی طالب علم/طالبہ کو سکول لگنے کے مقررہ وقت کے بعد سکول میں داخل ہونے اور چھٹی کے مقررہ وقت سے پہلے سکول کی حدود سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ کسی ناگہانی صورت حال میں تحریری درخواست پر پرنسپل کی منظوری ضروری ہوگی۔
6. طلباء/طالبات کے لئے سکول یونیفارم میں آنا لازمی ہے۔

7. طلباء/طالبات کوسکول کی حدود میں باہر سے آنے والے کسی بھی ملاقاتی سے ملنے کی اجازت نہیں ہے۔ناگزیر حالات میں پرنسپل کی پیشگی اجازت لینے کی پابندی پرسختی سے عمل کرایا جائے گا۔

8. کسی بھی طالب علم/طالبہ کو باہر سے آنے والی ٹیلی فون کال براہِ راست سننے کی اجازت نہیں ہے۔

9. صبح کی اسمبلی میں طلباء/طالبات کی حاضری پرسختی سے عمل ہوگا۔

10. سکول کے نظم وضبط کی پابندی ہر طالب علم/طالبہ کے لئے ضروری ہوگی۔جوطلباء/طالبات ان کی خلاف ورزی کریں گے انہیں جرمانہ بھی کیا جاسکتا ہےاورنظم وضبط توڑنے کی پاداش میں سکول سے خارج بھی کیا جاسکتا ہے۔

# حاضری اور سالانہ امتحانات

سکول کے قواعد کی رو سے ہر طالب علم/طالبہ کیلئے ضروری ہوگا کہ اس نے جماعت میں کم ازکم 75% حاضریاں پوری کی ہوں۔اس سے کم حاضریوں کی صورت میں اس کا داخلہ روک لیا جائے گا اور یوں وہ طالب علم/طالبہ وفاقی بورڈ کا امتحان سکول کے ریگولر طالب علم/طالبہ کے طور پرنہیں دے سکے گا۔سائنسی مضامین کے پریکٹیکل امتحانات پر بھی یہی اصول لاگو ہوگا۔ داخلہ بھیجنے کے لئے منعقدہ ٹیسٹ میں طلباء/طالبات کا تمام مضامین/ پرچوں میں پاس ہونا ضروری ہے ۔ بصورت دیگر داخلہ روکا جاسکتا ہے۔

# لائبریری

سلطانہ فاؤنڈیشن میں قائم سینٹرل لائبریری میں اس وقت تقریباًسولہ ہزار کتب موجودہیں۔یہ ذخیرہ کتب اسلام،اقبالیات، پاکستانیات،انگریزی ادب،اردوادب،فلسفہ،عمرانیات،تاریخ،بین الاقوامی تعلقات،معاشیات،کمپیوٹر سائنس،بزنس مینجمنٹ اورنصابی کتب پر مشتمل ہے۔ان میں قیمتی لغات، قاموس(انسائیکلوپیڈیا)اورحوالہ جاتی کتب بھی شامل ہے.ان کتابوں کے علاوہ لائبریری میں مؤقر انگریزی اردوروزنامے،ہفت روزہ اخبارات،ماہنامے اوربچوں کے رسائل بھی رکھے گئے ہیں۔لائبریری سے ملحقہ اور ایسے ایک پرسکون بڑا کمرۂ مطالعہ موجودہے۔جہاں طلبہ وطالبات پوری یکسوئی کے ساتھ مطالعہ کرسکتے ہیں۔کتب کے حصول کے لیے مقررہ قواعدوضوابط کی پابندی لازمی ہے۔

تعلیم کوجدید ٹیکنالوجی سے استوار کرنے کے لیے 2023 میں E-Library کاانعقاد ایک خوش آئند عمل ہے۔

# نمایاں تعلیمی کارکردگی پر انعامات

1. سکول میں نمایاں تعلیمی کارکردگی دکھانے والے طلباء/طالبات کو انعامات دیئے جاتے ہیں۔
2. بورڈ کی طرف سے منعقدہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن لینے والے طلباء/طالبات کو وظائف، نقد انعامات اور سرٹیفکیٹ دیے جاتے ہیں۔
3. ہم نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء/طالبات کو بھی انعامات دیئے جاتے ہیں۔

# سکول کا سالِ رواں کا بہترین طالب علم/طالبہ

ہر سال کسی ایسے طالب علم/طالبہ کو سکول کا سال کا بہترین طالب علم/طالبہ قرار دیا جاتا ہے جس نے نا صرف رواں سال میں پڑھائی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہو بلکہ

1. دوسری ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی پیش پیش رہا ہو/رہی ہو۔
2. سکول کے دیگر طلباء/طالبات کے ساتھ اس کا رویہ قابلِ تعریف رہا ہو۔
3. اساتذہ نے بھی اسے محنتی، دیانتدار، خوش اخلاق اور فرماں بردار پایا ہو۔
4. سال کے دوران اس کی حاضری بھی 90% سے زیادہ ہو۔
5. وہ سال بھر صاف ستھرا سکول یونیفارم پہنتا رہا ہو/پہنتی رہی ہو۔

**ایسے طلباء وطالبات کو سکول کی طرف سے سرٹیفکیٹ / نقد رقم /کتابیں / ٹرافی دی جاتی ہیں۔**

# سپورٹس

کھیلوں کو سکول کی مختلف سرگرمیوں میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ ہر سکول میں پی ٹی آئی طلباء وطالبات کے لیے کھیلوں کی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے مختلف کھیلوں کے مقابلوں کی تیاری کرواتے ہیں۔ تمام سکولوں میں سالانہ کھیلوں کی تقریبات بھی باقاعدگی سے منعقد کی جاتی ہیں۔

# والدین و اساتذہ میٹنگ

والدین اور اساتذہ کی باہمی کوشش سے سکول کی طلباء/طالبات کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔اس لئے ہر ٹرم کے بعد والدین و اساتذہ کی میٹنگ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس میں والدین کے رائے کو پوری اہمیت دی جاتی ہے۔

طلباء و طالبات کی شخصی اور تعلیمی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے والدین کی بھی رہنمائی کی جاتی ہے۔

طلباء و طالبات کی بہترین کارکردگی کے لئے والدین کو اساتذہ سے مسلسل رابطہ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

# طلباء و طالبات کے لیے کیریئر کونسلنگ

میٹرک کے طلباء و طالبات کے لئے آگے تعلیم جاری رکھنے کے لئے ،کوئی ہنر سیکھنے کے لئے یا تعلیم منقطع کر کے کوئی کاروبار کرنے کے لئے کیریئر کونسلنگ کا خصوصی طور پر انتظام کیا جاتا ہے۔تاکہ وہ میٹرک کرنے کے بعد اپنی پسند کا کیریئر بہتر طور پر منتخب کرسکیں۔


Sultana Foundation
Special Children School
Annual Day 2025


CHILDREN SHOULD HAVE PENS IN THEIR HANDS NOT TOOLS
Sultana Foundation Primary School
Annual Day 2025


Sultana Foundation Boys High School
Annual Day 2025


Sultana Foundation Primary School
ANNUAL PREP DAY
FEBRUARY 15, 2025




Sultana Foundation Girls High School
Annual Day 2025


Mind Science




Hotel
Hostel
School


Solar & LunarEclipse
Earth
Moon




Peaceful City
Office
Bank
School
Zoo
Park











Sultana Foundation
Special Children School
ANNUAL SPORTS DAY

















فراش ٹاؤن، لہتراڑ روڈ، پوسٹ بکس 2700، اسلام آباد۔ فون 6-8201 261 (051) 92+
ویب سائٹ: www.sultanafoundation.org